12689- عورت کے طہر کے بعد روزے کی حالت میں زرد رنگ کے مادے کے اخراج کا حکم

سوال

ایک عورت نے رمضان میں حیض وغیرہ سے طلوع فجر سے قبل غسل کرکے پاک ہوکر اس دن کا روزہ رکھ لیا اور جب ظہر کی نماز پڑھنے لگی تو اس نے زرد رنگ کا پانی اخراج ہوتے دیکھا تو کیا اس کا روزہ صحیح ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

جب طلوع فجر سے قبل حیض وغیرہ ختم ہوجائے اور طہر شروع ہوجائے اور عورت روزہ رکھے تو اس کا یہ روزہ صحیح ہوگا، اور طہر کے بعد اس زرد رنگ کے پانی کا کوئی اثر نہیں ہوگا کیونکہ ام عطیہ رضی اللہ تعالی عنہا کہتی ہیں کہ :

ہم طہر کے بعد زرد اور مٹیالے رنگ کے پانی کو کچھ بھی شمار نہیں کرتی تھیں ۔ صحیح بخاری (84/1) سنن ابوداود حدیث نمبر (307) یہ الفاظ ابوداود کے ہیں ۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہ پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے ۔